General Science (urdu medium) - 5th Class Science Urdu Medium Full Book

Q1. کون سی مٹی برتن بنانے کے لیے مفید ہے.

Ans 1: چکنی مٹی برتن بنانے کے لیے مفید ہے.

Q2. پانی کی تین حالّتیں کون سی ہیں.

Ans 1: ٹھوس ، مائع اور گیس پانی کی تین حالتیں ہیں.

Q3. پھول کے تولیدی حصوں کے نام.

Ans 1: سٹیمن . کارپل

Q4. چار زمینی آلود کار کے نام.

Ans 1: ٹریفک کا دھواں، صنعتی دھواں، صنعتی فضلہ جات اور کھادیں

Q5. مادے میں ہونے والی تبدیلیوں کی شناخت کس طرح ہوسکتی ہے.

Ans 1: رنگت میں تبدیلی ، ٹمپریچر میں تبدیلی اور روشنی کے پیدا ہونے سے مادے مینہونی والی تبدیلیوں کو پہچانا جاسکتاہے.

Q6. خوردنی جاندار کہاں پائے جاتے ہیں.

Ans 1: یہ ہر جگہ پائے جاتے ہیں ہوا، مٹی، گردوغبار میں بڑی تعداد میں موجود ہوتے ہیں.

Q7. کسی گھومتے جسم کا سایہ کیسے بنے گا.

Ans 1: گھومتے جسم کا سایہ دائروی شکل اور ہلکا گہرا بنے گا.

Q8. ہم کسی شخص کو دیکھے بغیر اس کی آواز سن کے کیسے پہچان لیتے ہیں.

Ans 1: آواز کی پچ وہ خصوصیت ہے جس کی بنا پر ہم کسی شخص کو بغیر دیکھے اس کی آواز سن کر اسے پہچان لیتے ہیں.

Q9. پودوں میں عمل تولید کے کتنے طریقے ہیں.

Ans 1: پودوں میں عمل تولید کے دو طریقے ہیں. جنسی تولید . غیر جنسی تولید.

Q10. پرندوں کی اہم خصوصیات تحریر کریں.

Ans 1: 1- -4 تمام پرندوں کے پر اور چونچ ہوتی ہیں. 2- ایک پرندے کی دو ٹانگیں اور دو پر ہوتے ہیں 3- پرندے اپنے پروں اور بازوؤں کی مدد سے اڑ سکتے ہیں. پرندے انڈے دیتے ہیں جن پر خول ہوتے ہیں. 5- انڈو کو سیتے ہیں جن سے ننھے پرندے نکلتے ہیں.

Q11. شور کے انسانی صحت پر مضر اثرات لکھیں.

Ans 1: 1- شور کی وجہ سے ہم ایک دوسرے کی آواز سن اور سمجھ نہیں سکتے. 2- ہمارے سوچنے کا عمل متاثر ہوتا ہے. 3- شور کی وجہ سے ہم کسی بھی کام میں توجہ مرکوز نہیں کرسکتے. 4- ہماری طبیعت میں بے چینی سی پیدا ہوتی ہے.

Q12. زمینی آلودگی کو کم کرنے کے لیے اقدامات.

Ans 1: 1- گھریلو کوڑا کرکٹ اور دوسرا ٹھوس فضلہ گلیوں اور کھلی جگہوں پر نہیں پھینکنا چاہیے .ا سے مناسب طریقہ سے ٹھکانہ لگانا چاہیے. 2- استعمال شدہ اور فالتو پلاسٹک کی اشیاء ڈبے، بوتلیں اور خریداری کے لفافے وغیرہ کو دبارہ استعمال میں لانے کے لیے ری سائیکل کریں.

Q13. ڈیکوریشن ایل ای ڈی لائیٹ کتنے وولٹ کی ہوتی ہے.

Ans 1: ڈیکوریشن ایل ای ڈی لائیٹ 12 وولٹ کی ہوتی ہے.

Q14. روشنی کیا ہے.

Ans 1: روشنی انرجی کی ایک قسمہے. اس کائنات میں روشنی کی سپیڈ سب سے زیادہ ہے ایک سیکنڈ میں تین لاکھ کلومیٹر فاصلہ طے کرلیتی ہے.

Q15. نیم شفاف جسم کا سایہ کیسا بنے گا.

Ans 1: نیم شفاف جس کا سایہ ہلکا گہرا بنے گا.

Q16. سید کوٹ کیا ہے.

Ans 1: سیڈکوٹ یا ٹیسٹا انیکومنت سے بنتا ہے. جو کہ شروع میں اوویول کے گرد غلاف ہوتا ہے. سیڈ کوٹ ایمبریو کی چوٹ اور خشک ہوجانے سے حفاظت کرتا ہے.

Q17. انفیکشن سےکیا مرادہے.

Ans 1: پودوں اور جانوروں کے اجسام پر بیماری پیدا کرنے والے خوردبینی جاندار کے حملہ کو انفیکشن پھیلنا کہتے ہیں. متعدی بیماریاں ایک سے دوسرے جاندار میں بہت تیزی سے پھیلتی ہیں.

Q18. چارج کی اقسام ہے.

Ans 1: پوزیٹیو چارج

Ans 2: نیگیٹیو چارج

Q19. بیج کے اگنے کے لیے دو ضروری شرائط.

Ans 1: پانی یانمی: زیادہ تر پودوں کے بیجوں میں پانی کی کم مقدار موجود ہوتی ہے. اور اس وقت تک جرمینشنین نہیں ہوتی جب تک سیڈ کوٹ اور دوسرے ٹشوز پانی جذب نہیں کرلیتے.

Q20. ریل گاڑی آپ سے دور ہوتی جائے تو اس کی آواز کی شدت کم ہوتی جائے گی یا ویسے ہی رہے گی.

Ans 1: اگر ہم ریل گاڑی سے دور ہوتے جائیں تو ریل گاڑی سے فاصلہ بڑھتا جائے گا اور اسی وجہ سے آواز کی شدت بھی کم ہوتی جائے گی.
